لاہور ہائیکورٹ لاہور

گاڑیاں برائے فروخت

لاہور ہائی کورٹ کے احاطے میں موجود درج ذیل گاڑیاں "جہاں ہیں جیسی ہیں" کی بنیاد پر مورخہ **28.03.2026** نیلام کی جائیں گی۔ خواہش مند حضرات / پارٹیاں مورخہ **07.03.2026** سے روزانہ صبح 9:00 سے لے کر دوپہر 02:00 بجے تک گاڑیاں کا معائنہ کر سکتے / سکتی ہیں۔

نمبر شمار	گاڑی کا نمبر	ساخت / ماڈل	تخمینہ ابتدائی بولی
1	**LHC-51**	Honda Civic-2017	**38,50,000/-**
2	**LHC-54**	Honda Civic 2017	**39,50,000/-**
3	**LHC-58**	Honda Civic 2017	**39,50,000/-**
4	**LHC-62**	Honda Civic 2017	**40,00,000/-**
5	**LHC-63**	Honda Civic 2017	**38,00,000/-**
6	**LEG-503**	Toyota Corolla-GLI-2013 **(Accidental)**	**15,00,000/-**
7	**LHC-09**	Honda Civic-2020 **(Accidental)**	**28,00,000/-**
8	**LHC-66**	Toyota Grande-2018	**39,50,000/-**
9	**LEG-11**	Toyota Corolla-XLI-2015	**25,00,000/-**
10	**LEG-23**	Toyota Corolla-GLI-2014	**26,50,000/-**
11	**LRM-1015**	Suzuki Bolan Van 2003	**4,00,000/-**
12	**CT-123**	Suzuki Liana-2010	**6,25,000/-**

1۔ تمام گاڑیوں کے ٹوکن ٹیکس 30.06.2026 تک ادا شدہ ہیں

2۔ نیلامی موقع پر موجود افراد کی کھلی بولی (Open Auction) کے ذریعے صبح 10:30 بجے شروع ہو گی۔

3۔ ہر بولی دہندہ (جو کہ انکم ٹیکس فائلر ہو) کیلئے لازمی ہو گا کہ وہ بولی کی تاریخ سے ایک دن پیشتر دوپہر 12:30 بجے تک اپنے شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ مبلغ -/75,000 روپے بذریعہ پے آرڈر / (Pay Order) بنام ایڈیشنل رجسٹرار / DDO لاہور ہائی کورٹ لاہور فی گاڑی خزانہ آفس / (Treasury Office) ہائی کورٹ کمرہ نمبر 613 میں جمع کرائے گا اور رسید حاصل کرے گا جو ناکام بولی دہندگان کو بعد از نیلامی قابلِ واپسی ہو گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ زر نیلام کی ایک تہائی رقم بوقت نیلامی موقع پر ادا کرے گا جبکہ باقی ماندہ رقم حتمی منظوری کے بعد تین دن کے اندر سرکاری بنک اکاؤنٹ MCB اکاؤنٹ نمبر 1468-5216-3100-4674 میں جمع کروا کر اصل رسید (Treasury Office) / خزانہ آفس کمرہ نمبر 613 میں جمع کروانے کا پابند ہو گا بصورت دیگر جمع شدہ رقم (زر ضمانت) بحق سرکار ضبط ہو گی۔

CamScanner

5۔ ہر گاڑی کی نیلامی علیحدہ علیحدہ کی جائے گی۔ جس میں تمام خواہش مند حضرات جنہوں نے زر ضمانت جمع کرایا ہو گا، حصہ لے سکیں گے اگر کسی نے ایک گاڑی خرید لی اور اس نے دوسری گاڑی کیلئے زر ضمانت جمع نہ کرایا ہو گا تو وہ دوسری گاڑی کی بولی میں شریک نہ ہو سکے گا۔

6۔ ہر گاڑی کی بولی تخمینہ ابتدائی قیمت (Reserved Price) سے شروع ہو گی جو کہ سب سے زیادہ بولی پر ختم ہو گی۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ تمام گورنمنٹ ٹیکسز بشمول گاڑی کی قیمت فروخت کا 10٪ انکم ٹیکس زیر دفعہ 236-A انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 گاڑی کی قیمت کے ساتھ مندرجہ بالا آفیسر خزانہ ہائی کورٹ کے پاس جمع کروانے کا پابند ہو گا جس کی رسید خزانہ آفس جاری کرے گا۔

8۔ گاڑی کی اپنے نام منتقلی کا مکمل خرچہ کامیاب بولی دہندہ خود ادا کرے گا اور گاڑی کا قبضہ کامیاب بولی دہندہ کو گاڑی اپنے نام پر منتقل کروانے کے بعد دیا جائے گا۔

9۔ نیلام کمیٹی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی ایک یا تمام پیشکشوں کو بغیر وجہ بتائے قبول یا مسترد کر دے۔

10۔ گاڑیوں کے معائنہ کے لیے نیلامی سے ایک دن پیشتر تک اسسٹنٹ رجسٹرار (ٹرانسپورٹ) لاہور ہائی کورٹ سے دفتری اوقات (صبح 09:00 بجے تا دوپہر 02:00 بجے) میں فون نمبر 042-99212951-6,Ext.313 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

11۔ گاڑی کا قبضہ فلیگ راڈ، مونوگرام اور سرکاری نمبر پلیٹس اُتار کر دیا جائے گا۔

12۔ تمام کامیاب بولی دہندگان، نیلام شدہ گاڑیاں بعد از نیلامی 15 یوم کے اندر لے کر جانے کے پابند ہونگے بصورت دیگر تخمینہ رقم کے مطابق 2 فیصد یومیہ جرمانہ ہو گا۔

13۔ اگر کوئی فرد / افراد دورانِ نیلامی اشتراک (Pool) کرنے یا اکسانے کی کوشش کرے گا / کریں گے تو ایسے فرد / افراد کو فی الفور Disqualify کر دیا جائے گا اور قانونی کاروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔

نوٹ: متذکرہ بالا نیلامی میں ہائی کورٹ سے متعلقہ کسی بھی فرد یا اسکا قریبی رشتہ دار حصہ نہ لے سکے گا۔

(خادم حسین)

ایڈیشنل رجسٹرار (سروسز)

لاہور ہائی کورٹ، لاہور

CamScanner